# پنجاب کی قابل کاشت مچھلیاں

## گراس کارپ



# GRASS CARP

*Ctenopharyngodon idella*

محکمہ فشریز پنجاب، لاہور۔

# گراس کارپ

**(Ctenopharyngodon idella)**

گراس کارپ میٹھے پانیوں کی ایک سبزی خور مچھلی ہے۔ یہ اپنے گوشت کے ذائقے اور بڑھوتری کے باعث دنیا کے کئی ممالک میں پالی جاتی ہے۔ چونکہ پانی میں گھاس اور دیگر نباتات اپنے وزن سے بھی زیادہ یومیہ کھا سکتی ہے چنانچہ اس اضافی خصوصیت کے باعث اِسے آبی نباتات کے تدراک کے لیے دنیا بھر میں خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

## جغرافیائی تقسیم:

اس مچھلی کا آبائی وطن مشرقی چین اور روس کے دریائی علاقے ہیں۔ جہاں سے یہ دُنیا کے تقریباً پچاس ممالک میں رُوشناس ہوچکی ہے۔ اب جن ممالک میں اسے پالا جارہا ہے۔ ان میں تھائی لینڈ، ملائشیا، تائیوان، جاپان، برما، سری لنکا، ہندوستان، پاکستان، رُوس، ہنگری، رومانیہ، پولینڈ، امریکہ اور آسٹریلیا شامل ہیں۔

پاکستان میں پہلی مرتبہ اس مچھلی کے پانچ لاکھ بچے کراچی اِدارہ ترقی (کے۔ڈی۔اے) نے ۱۹۶۴ء میں چین سے درآمد کیے۔ اِس مچھلی کو درآمد کرنے کا مقصد سندھ میں واقع ہالیجی جھیل سے آبی نباتات کے مسئلے کو حل کرنا تھا۔ بعدازاں ۱۴۔نومبر ۱۹۷۵ء میں گراس کارپ مچھلی چین سے اسلام آباد لائی گئی۔ اور اب اس کی کامیاب افزائش کا عمل مختلف فِش ہیچریوں پر جاری ہے۔

## خدوخال:

اس مچھلی کا جسم لمبوترا اور سر چوڑا ہوتا ہے۔ سر کے سوا تمام جسم پر چانے موجود ہوتے ہیں۔ اُوپر کا جبڑا نچلے جبڑے کی نسبت کچھ آگے بڑھا ہوتا ہے۔ مونچھیں موجود نہیں ہوتی۔ پنکھوں کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ پُشتی اور مبرز کے پنکھے چھوٹے اور گول ہوتے ہیں۔ جب کہ دُم پنکھا دوشاخہ ہوتا ہے۔ جسم کا زیریں حصہ رُو پہلا اور بالائی حصہ گہرا سلیٹی ہوتا ہے۔ اُفقی لکیر مکمل ہوتی ہے۔ مچھلی کا منہ چھوٹا اور گول ہوتا ہے۔

گراس کارپ کی زیادہ سے زیادہ لمبائی 1½ میٹر یا اس سے بھی کچھ زیادہ ہوسکتی ہے۔ جب کہ وزن ۳۲ کلوگرام تک پہنچ جاتا ہے۔

## ماحول:

اگرچہ یہ تازہ پانیوں کی مچھلی ہے تاہم قدرے نمکین پانی میں بھی رہ سکتی ہے۔ فارموں میں پالنے کے لیے موزوں ہے۔ البتہ بند پانی میں انڈے نہیں دیتی۔ اس کے لیے بہتر درجہ حرارت ۱۸ سینٹی گریڈ ہے جب کہ عمومی برداشت کا دائرہ ۴۰ سینٹی گریڈ تک پہنچ جاتا ہے۔

## خوراک:

گراس کارپ کے بچے کی ابتدائی خوراک چھوٹے خوردبینی حیوانات و نباتات پر مشتمل ہے۔ جبکہ ۳۰ ملی میٹر کا بچہ مکمل طور پر سبزی خور بن جاتا ہے۔ اور پھر جوان مچھلی مختلف اقسام کے نرم وسخت آبی پودوں کو اپنی خوراک بناتی ہے۔ ان پودوں میں ہائیڈرلا، ڈک ویڈ، وُلفیا، آزولا، ویلسینر یا، پوٹا موجیٹن اور دیگر کئی اقسام کے پودے شامل ہیں۔ یہ ایک بسیار خور مچھلی ہے۔ اور موافق درجہ حرارت پر یومیہ اپنے وزن سے بھی زیادہ آبی گھاس و نباتات کھا

جاتی ہے۔ نیز نیم ہضم شدہ اجزاء خوراک کو فضلات کی صورت میں خارج کرتی رہتی ہے جو دوسرے آبی جانداروں کی خوراک بنتے ہیں۔

## افزائش:

یہ مچھلی گرم علاقوں میں ۳ سال کی عمر میں بلوغت حاصل کر لیتی ہے۔ البتہ ٹھنڈے علاقوں میں ۵ سے ۷ سال کی عمر میں بالغ ہو جاتی ہے۔ نر مچھلی مادہ سے ایک سال قبل ہی بالغ ہو جاتی ہے۔ گراس کارپ اپنے قدرتی ماحول یعنی دریاؤں یا دیگر رواں پانیوں کی درمیانی لہروں میں انڈے دیتی ہے۔ عام طور پر انڈے دینے کا موسم ماہ اپریل سے شروع ہوتا ہے۔ جو درجہ حرارت کی بنا پر مختصر یا طویل ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے موزوں درجہ حرارت ۱۸ سینٹی گریڈ تا ۲۵ سینٹی گریڈ ہے۔ پانچ سے سات کلوگرام کی ایک مادہ گراس کارپ اوسطاً ۵ لاکھ انڈے مرحلہ وار دیتی ہے۔ انڈے زرد اور سنہرے سُرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ جن میں آخری مراحل پر ہلکی نیلاہٹ بھی پائی جاتی ہے۔

بارآور انڈے پانی میں تقریباً نصف گھنٹے کے اندر مکمل طور پر پھول جاتے ہیں۔ اِس صورت میں انڈے کا قطر اوسطاً ۵۸۔۴ ملی میٹر ہوتا ہے۔ بارآور انڈوں سے بچے ۲۸ سینٹی گریڈ تا ۳۱ سینٹی گریڈ درجہ حرارت پر ۱۹ تا ۲۳ گھنٹوں میں نکل آتے ہیں۔ اس وقت مچھلی کے نوزائیدہ بچے کی لمبائی اوسطاً ۵۔۴ ملی میٹر ہوتی ہے۔ چونکہ یہ مچھلی بند پانیوں میں نسل کشی نہیں کرتی لہٰذا ہیچریوں پر بذریعہ مصنوعی نسل کشی اس کا پونگ حاصل کیا جاتا ہے۔ ایک سال میں اس مچھلی کا وزن تقریباً ایک کلو ہو جاتا ہے۔ جبکہ دوسرے سال کے اختتام تک ۲ تا 2½ کلو

وزن بڑھ جاتا ہے۔ بہتر خوراک اور موافق حالات کی صورت میں بڑھوتری اِس سے بھی زیادہ ہوسکتی ہے۔

ماہی پروری میں جہاں اس مچھلی کو تدراک نباتات اور تیز بڑھوتری کی وجہ سے اہمیت حاصل ہے۔ وہاں اس کے کثیر مقدار میں نیم ہضم شدہ خوراک کے فضلات دوسری اقسام ماہی کے لیے کھاد و خوراک کا کام دے کر اس کی اہمیت مزید بڑھا دیتے ہیں۔ لٰہذا تالابوں میں اسے علیحدٰہ اور مخلوط ہر دو طریقوں سے پالنا منفعت بخش ہے۔

★★★★★★




DEPARTMENT OF FISHERIES PUNJAB

وهو الذي سخر البحر لتاكلوا منه لحما طريا

محکمہ ماہی پروری پنجاب


شعبہ نشر و اشاعت

محکمہ فشریز پنجاب، 9-اے، بہاولپور روڈ،

چوبرجی، لاہور۔

فون نمبر: 042-99212374-75 فیکس: 042-99212386

www.punjabfisheries.gov.pk - www.fwf.punjab.gov.pk

E-mail:fishdept@hotmail.com